SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر V مجریہ ۲۰۰۹
SINDH ACT NO. V OF 2009
سرکاری زمینوں کی نو آبادکاری (ترمیم) ایکٹ، ۲۰۰۹
THE COLONIZATION OF GOVERNMENT LANDS (AMENDMENT) ACT, 2009

(CONTENTS) فہرست

(Preamble) تمہید
(Sections) دفعات
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ پنجاب ایکٹ V مجریہ 1912 کی دفعہ 10 کی ترمیم
Amendment of sections 10 of Punjab Act V of 1912
۳۔ پنجاب ایکٹ V مجریہ 1912 کی دفعہ 24-A کو شامل کرنا
Insertion of section 24-A in Punjab Act V of 1912

سندھ ایکٹ نمبر V مجریہ ۲۰۰۹
SINDH ACT NO. V OF 2009
سرکاری زمینوں کی نو آبادکاری (ترمیم) ایکٹ، ۲۰۰۹

THE COLONIZATION OF GOVERNMENT LANDS (AMENDMENT) ACT, 2009

[۹ جون ۲۰۰۹]

ایکٹ جس کے ذریعے کالونائیزیشن آف گورنمنٹ لینڈس ایکٹ مجریہ ۱۹۱۲، میں مزید ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ کالونائیزیشن آف گورنمنٹ لینڈس ایکٹ مجریہ ۱۹۱۲ میں مزید ترمیم کرنا مقصود ہے؛

جس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا۔

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اسے سرکاری زمینوں کی نوآبادکاری (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۱۲ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

پنجاب ایکٹ V مجریہ 1912 کی دفعہ 10 کی ترمیم
Amendment of sections 10 of Punjab Act V of 1912

۲۔ کالونائیزیشن آف گورنمنٹ لینڈس ایکٹ مجریہ ۱۹۱۲ جس کو اس کے بعد بھی ایکٹ کہا جائے گا، جس کی دفعہ ۱۰ میں ذیلی دفعہ ۴ کے بعد مندرجہ ذیل کا اضافہ ہوگا:

"(5) اگر کسی شخص کو اس ایکٹ کے صوبائی سندھ میں لاگو ہونے کے بعد کوئی زمین بطور لیز، عطیہ یا الاٹ کی گئی ہے۔ یا اس ایکٹ کے تحت کسی شخص کو اگر زمین دی جاتی ہے؛

(a) زمین کی الاٹمنٹ، گرانٹ یا لیز آفر لیٹر یا الاٹمنٹ لیٹر جاری ہونے کے ۳ ماہ کے اندر زمین پر حاصل کرنے کی رقم کی ادائیگی میں ناکام رہتا ہے تو اس آفر/الاٹمنٹ لیٹر کو خودبخود منسوخ سمجھا جائے گا، جو کہ بحال نہیں ہوگا اور زمین کے مالک کو متعلقہ اتھارٹی کو الاٹمنٹ لیز یا گرانٹ کے حوالے سے ایک نئی درخواست دینی ہوگی۔ اور اتھارٹی اس کیس کو دیکھتے ہوئے دوبارہ سے نئی گرانٹ/الاٹمنٹ

رلیز جاری کر سکتی ہے، جسے صورتحال ہو۔
جس مقصد کے تحت زمین گرانٹ یا الاٹ لیز کرائی گئی، اس وہ اس تاریخ سے دو سال کی مدت تک مقصد حاصل نہ ہوا تو اس زمین کو نہ کرنے کی صورت میں الاٹمنٹ/رلیز خودبخود منسوخ ہوجائے گی اور ڈیپازٹ کی گئی رقم قابل ضبط ہوگی۔
مجاز اتھارٹی، جاز کیسز میں قبضے کی رقم کے دس فیصد رقم کی ادائیگی کی صورت میں ایک سال تک کی مدت کا اضافہ کر سکتی ہے۔

پنجاب ایکٹ V مجریہ 1912 کی دفعہ 24-A کو شامل کرنا
Insertion of section 24-A in Punjab Act V of 1912

۳۔ اس ایکٹ میں، دفعہ ۲۴ کے بعد مندرجہ ذیل نئی دفعہ شامل کی جائے گی۔
"24-A اگر اس ایکٹ کی شمولیات، یا اس وقت نافذ العمل قانون کے برعکس نہ ہو، وہ زمین جو الاٹمنٹ آرڈر اجازت نامے، سند یا رزرویشن آرڈر کے ذریعے خاص یا کسی اور مقصد کے لئے لی گئی یا لیز کی گئی تو وہ کسی معاوضے کے بغیر صوبائی حکومت کی زمین ہوجائے گی۔
بشرطیکہ اس ایکٹ کی گنجائشیں اس گرانٹ کی گئی زمین پر اطلاق نہیں کریں گی جو زمین مستقل بنیادوں پر زرعی مقاصد کے لئے دی گئی ہے اور مالکاں کسی شرائط کے بغیر مالکانہ حقوق حاصل ہو۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔